standard chartered

SCBPL/CS/2024/006

6 March 2024

The General Manager
Pakistan Stock Exchange Limited
Stock Exchange Building
Stock Exchange Road
Karachi

Dear Sir,

**Notice of Annual General Meeting - Standard Chartered Bank (Pakistan) Limited**

Enclosed please find the notice of 18th Annual General Meeting (AGM) of Standard Chartered Bank (Pakistan) Limited to be held on Thursday, 28 March 2024, at 03:00pm at ICAP Chartered Accountants Avenue, Clifton, Karachi and through video conferencing facility.

Further, the attached notice of AGM will be published in following newspapers "Business Recorder" (in English) and "Express Urdu" (in Urdu) on Thursday, 7 March 2024.

Please communicate the information to TRE Certificate Holders of the Exchange accordingly.

Yours truly,

**Asif Iqbal Alam**
Company Secretary

Enclose: as above

standard chartered

# نوٹس برائے سالانہ اجلاس عام

بذریعہ ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ اسٹینڈرڈ چارٹرڈ بینک (پاکستان) لمیٹڈ (''بینک'') کے شیئر ہولڈرز کا اٹھارہواں سالانہ اجلاس عام 28 مارچ 2024ء بروز جمعرات، دوپہر 3:00 بجے، انسٹیٹیوٹ آف چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس آف پاکستان، چارٹرڈ اکاؤنٹنٹ ایوینیو کلفٹن، کراچی میں اور بذریعہ ویڈیو کانفرنس درج ذیل کارروائی کیلئے منعقد کیا جائے گا:

**(الف) عمومی کارروائی**

1۔ 31 دسمبر 2023ء کو ختم ہونے والے مالی سال کیلئے بینک کے آڈٹ شدہ اکاؤنٹس اوران پر ڈائریکٹرز اور آڈیٹرز کی رپورٹس کی وصولی، ان پر غور اوران کی توثیق۔

2۔ میسرز EY فورڈ رہوڈز، چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس (جنہوں نے اہل ہونے کے سبب پھر سے تقرری کی درخواست دی ہے) کی 2024ء کیلئے بطور اسٹیچوٹری آڈیٹرز تقرری اوران کے معاوضے کے تعین کیلئے بورڈ آڈٹ کمیٹی کو بات چیت اور فیصلہ کرنے کا اختیار دینا جو آئندہ بورڈ میٹنگ میں بورڈ کی رضامندی سے مشروط ہوگا۔

3۔ 31 دسمبر 2023ء کو ختم ہونے والے سال کیلئے بورڈ آف ڈائریکٹرز کی جانب سے تجویز کردہ 25% (یعنی 2.5 روپے فی حصص) نقد منافع کی ادائیگی پر غور اور منظور کرنا۔ جو سال 2023ء کیلئے ادا کئے جانے والے 65% مجموعی عبوری نقد منافع کے علاوہ ہے۔ یہ ان ممبران کو قابل ادائیگی ہوگا جن کے نام ممبران کے رجسٹر میں 18 مارچ 2024ء، بروز پیر تک موجود ہوں گے۔

**(ب) خصوصی کارروائی**

4۔ سکیوریٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کے نوٹیفکیشن S.R.O. 389(I)/2023 مورخہ 21 مارچ 2023ء کے مطابق بینک کے ممبران کو سالانہ آڈٹ شدہ اکاؤنٹس اور متعلقہ رپورٹس/ دستاویزات (سالانہ رپورٹ کے حصے کے طور پر) بذریعہ کیو آر کوڈ اور ویب لنک کے ذریعے ترسیل پر غور کرنا اور منظوری دینا۔

5۔ بینک کے ڈائریکٹرز کے معاوضے کی نظرثانی شدہ پالیسی پر غور کرنا اور اسے پوسٹ فیکٹو بنیادوں پر منظور کرنا جسے بینک کے بورڈ آف ڈائریکٹرز نے منظور کیا ہے۔

**(ج) دیگر کارروائی**

6۔ چیئرپرسن کی اجازت سے کوئی اور کارروائی عمل میں لانا۔

**نوٹ:** کمپنیز ایکٹ 2017ء کے سیکشن 134(3) کے تحت اسٹیٹمنٹس آف میٹیریل فیکٹس جو خصوصی امور سے متعلق ہے جس کا حوالہ مذکورہ بالا نوٹس پر موجود ہے، وہ شیئر ہولڈرز کو سالانہ اجلاس عام کے نوٹس کے ساتھ بذریعہ سالانہ رپورٹ 2023ء ارسال کر دی گئی ہیں۔

بحکم بورڈ

**آصف اقبال عالم**

کمپنی سیکریٹری

کراچی: 7 مارچ 2024ء

**نوٹس:**

1۔ بینک کی حصص کی منتقلی کی کتابیں 19 مارچ 2024ء بروز منگل سے لے کر 28 مارچ 2024ء بروز جمعرات (بشمول دونوں دن) بند رہیں گی۔ 18 مارچ 2024ء بروز پیر کو کاروبار کے اختتام تک رجسٹرار کو موصول ہونے والے ٹرانسفرز بروقت تصور کئے جائیں گے۔

2۔ صرف وہ ممبران جن کے نام 18 مارچ 2024ء بروز پیر بینک کے ممبران کے رجسٹر میں درج ہوں گے وہی اس سالانہ اجلاس عام میں شرکت کرنے، ووٹ دینے اور مذکورہ کیش ڈیویڈنڈ لینے کے اہل ہوں گے۔

3۔ ایک ممبر جو اس اجلاس میں شرکت کرنے اور ووٹ دینے کا اہل ہے اپنی جگہ کسی اور ممبر کو بطور نمائندہ اجلاس میں شرکت کرنے، بولنے، ووٹ ڈالنے کیلئے مقرر کر سکتا ہے۔ پراکسیز کے مؤثر ہونے کیلئے لازم ہے کہ وہ کمپنی کے رجسٹرڈ آفس میں بنام کمپنی سیکریٹری اجلاس سے 48 گھنٹے قبل مکمل طور پر اسٹیمپ شدہ، دستخط شدہ اور شواہد کے ساتھ وصول ہو جائیں۔ ایک ممبر ایک سے زیادہ پراکسی نامزد کرنے کا مختار نہیں ہوگا۔

4۔ **(الف) اجلاس میں شرکت کیلئے:**

i۔ افراد کی صورت میں اکاؤنٹ ہولڈر یا سب اکاؤنٹ ہولڈر اور/ یا وہ افراد جن کی سکیوریٹیز گروپ اکاؤنٹ میں ہیں اور ان کی رجسٹریشن کی تفصیلات ضابطے کے مطابق اپ لوڈ کر دی گئی ہیں، انہیں اجلاس میں شرکت کے وقت اپنی شناخت کیلئے اصل کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (سی این آئی سی) یا اصل پاسپورٹ دکھانا لازمی ہوگا۔

ii۔ کارپوریٹ ادارے کی صورت میں بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/ مختارنامہ، نامزد کرنے والے کے دستخط کے ساتھ اجلاس کے وقت پیش کرنا لازمی ہوگا۔

**(ب) پراکسیز کی نامزدگی کیلئے:**

i۔ افراد کی صورت میں اکاؤنٹ ہولڈر یا سب اکاؤنٹ ہولڈر اور/ یا وہ افراد جن کی سکیوریٹیز گروپ اکاؤنٹ میں ہیں اور ان کی رجسٹریشن کی تفصیلات ضابطے کے مطابق اپ لوڈ کر دی گئی ہیں انہیں اپنا پراکسی فارم درج بالا قواعد کے مطابق پُر کر کے پیش کرنا ہوگا۔

ii۔ پراکسی فارم کا دو افراد سے تصدیق شدہ ہونا لازمی ہے جن کے نام، پتے اور کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ نمبر فارم پر درج ہوں۔

iii۔ پراکسی فارم کے ساتھ پراکسی اور اصل مالک کے کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ یا پاسپورٹ کی تصدیق شدہ فوٹو کاپی منسلک کرنا ہوگی۔

iv۔ پراکسی کو اپنا اصل کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ یا پاسپورٹ اجلاس کے وقت دکھانا ہوگا۔

v۔ کارپوریٹ ادارے کی صورت میں بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/ مختارنامہ، نامزد کرنے والے کے دستخط کے ہمراہ پراکسی فارم کے ساتھ بینک میں جمع کروانا ہوگا۔

5۔ **سالانہ اجلاس عام میں آن لائن پلیٹ فارم/ سہولت کے ذریعے شرکت:**

بینک کی جانب سے سالانہ اجلاس عام میں شیئر ہولڈرز کی بذریعہ آن لائن پلیٹ فارم/ شرکت (خواہ ذاتی طور پر یا مقرر کردہ پراکسیز کے ذریعے) کیلئے انتظامات کئے گئے ہیں۔ شیئر ہولڈرز سے درخواست کی جاتی ہے کہ کمپنی سیکریٹری آفس سے سالانہ اجلاس عام کے وقت سے کم از کم 24 گھنٹے قبل (یعنی 27 مارچ 2024ء دوپہر 03:00 بجے سے قبل) درج ذیل تفصیلات کے ساتھ cosec.pk@sc.com پر رجسٹریشن کروائیں۔

| فولیو/ سی ڈی سی اکاؤنٹ نمبر | شیئر ہولڈرز کے نام | CNIC نمبر | فون نمبر | ای میل ایڈریس |
|---|---|---|---|---|
| | | | | |

دلچسپی رکھنے والے شیئر ہولڈرز سے مندرجہ بالا معلومات کی وصولی پر، بینک لاگ ان کی تفصیلات ان کے ای میل پتوں پر بھیجے گا۔ اجلاس عام کے دن، شیئر ہولڈرز اپنے اسمارٹ فونز یا کمپیوٹر ڈیوائسز کے ذریعے لاگ ان کر کے اجلاس عام کی کارروائی میں حصہ لے سکیں گے۔ اجلاس کے آغاز سے 15 منٹ قبل لاگ ان کی سہولت حاصل ہو جائے گی تاکہ شناخت اور تصدیقی عمل کے بعد شرکاء اجلاس میں شامل ہو سکیں۔

6۔ **خصوصی کارروائی پر پولنگ**

کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشنز 2018ء کے مطابق اجلاس عام میں کسی خصوصی کارروائی کی منظوری کیلئے ممبران کو پوسٹل بیلٹ یا ای ووٹنگ کے ذریعے اپنا ووٹ استعمال کرنے کی اجازت ہوگی۔

**ای ووٹنگ کا طریقہ کار:**

i۔ ای ووٹنگ کی سہولت کی تفصیلات بینک کے ان اراکین کے ساتھ ای میل کے ذریعے شیئر کی جائیں گی جن کے درست CNIC نمبر، سیل نمبر اور ای میل ایڈریس 18 مارچ 2024ء بروز پیر کو کاروبار کے اختتام تک بینک کے ممبران کے رجسٹر میں دستیاب ہوں گے۔

ii۔ ویب ایڈریس، لاگ ان کی تفصیلات اور پاس ورڈ سے ای میل کے ذریعے ممبران کو مطلع کیا جائے گا۔ اراکین کو سکیورٹی کوڈز کی اطلاع سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ (ای ووٹنگ سروس فراہم کنندہ ہونے کے ناطے) کے ویب پورٹل سے ایس ایم ایس کے ذریعے دی جائے گی۔

iii۔ ای ووٹنگ کے ذریعے ووٹ ڈالنے کا ارادہ رکھنے والے اراکین کی شناخت الیکٹرانک دستخط یا لاگ ان کیلئے تصدیق کے ذریعے کی جائے گی۔

iv۔ ممبران 24 مارچ 2024ء (صبح 9:00 بجے) سے 27 مارچ 2024ء (شام 5:00 بجے) تک کسی بھی وقت آن لائن ووٹ دے سکیں گے۔ کسی ممبر کی طرف سے قرارداد پر ایک بار ووٹ دینے کے بعد اسے تبدیل کرنے کی اجازت نہیں ہوگی۔

**پوسٹل بیلٹ کے ذریعے ووٹ ڈالنے کا طریقہ کار:**

i۔ ممبران اس بات کو یقینی بنائیں گے کہ درست طریقے سے پُر شدہ اور دستخط شدہ بیلٹ پیپر NICOP/CNIC/ پاسپورٹ کی ایک کاپی کے ساتھ 27 مارچ 2024ء تک اجلاس کے چیئرمین کے نام بذریعہ ڈاک بینک کے رجسٹرڈ آفس پتے، کمپنی سیکریٹری آفس، فرسٹ فلور، اسٹینڈرڈ چارٹرڈ بینک (پاکستان) لمیٹڈ، پی او باکس نمبر 5556، آئی آئی چندریگر روڈ، کراچی، یا بذریعہ ای میل cosec.pk@sc.com پر موصول ہو جانے چاہئیں۔ بیلٹ پیپر پر دستخط NICOP/CNIC/ پاسپورٹ پر دستخط سے مماثل ہوں گے۔ پوسٹل بیلٹ پیپر اخبارات/ سالانہ رپورٹ میں شائع ہوا ہے اور بینک کی ویب سائٹ https://www.sc.com/pk/about-us/notices/ پر بھی دستیاب ہے۔

7۔ ممبران سے درخواست ہے کہ وہ اپنے رجسٹرڈ پتہ میں ہونے والی کسی تبدیلی سے فوری طور پر بینک کے شیئر رجسٹرار، میسرز سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ، سی ڈی سی ہاؤس، B-99، بلاک بی، ایس ایم سی ایچ ایس، مین شاہراہ فیصل، کراچی- 74400، ٹول فری: 0800-CDCPL (23275)، فیکس: 34326053 (021)، ای میل: info@cdcsrsl.com پر مطلع کریں۔

8۔ کمپنیز ایکٹ، 2017ء کے سیکشن 52 کے تحت ممبران بینک کے رجسٹرڈ ایڈریس پر 29 مارچ 2023ء بروز بدھ کو ہونے والے سالانہ اجلاس عام کی روداد کا معائنہ کر سکتے ہیں۔

9۔ کمپنیز ایکٹ، 2017ء کے سیکشن 223(7) کے تحت سال مختتمہ 2023ء کی سالانہ رپورٹ ممبران کو ترسیل کے ساتھ بینک کی ویب سائٹ پر بھی اپ لوڈ کر دی گئی ہے۔

10۔ **ای۔ ڈیویڈنڈ کی ضروریات:** کمپنیز (ڈیویڈنڈ کی تقسیم) ریگولیشنز 2017ء کی ہدایات کے تحت شیئر ہولڈرز اپنے شناختی نمبر/ کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (سی این آئی سی) نمبر اور انٹرنیشنل بینک اکاؤنٹ نمبر (آئی بی اے این) کی تفصیلات فراہم کریں۔ اگر انہوں نے تفصیلات فراہم نہیں کی ہیں تو ہمارے شیئر رجسٹرار (اگر شیئرز فزیکل فارم میں رکھے گئے ہیں) کو مذکورہ آفس ایڈریس یا متعلقہ پارٹیسپنٹ/ بروکر (اگر شیئرز بذریعہ سی ڈی ایس اکاؤنٹ رکھے گئے ہیں) کو 18 مارچ 2024ء بروز پیر تک مہیا کریں۔ ناکامی کی صورت میں متعلقہ شیئر ہولڈرز کو ڈیویڈنڈ کی ادائیگی روک دی جائے گی۔

11۔ **فزیکل شیئرز کو بک انٹری فارم میں تبدیل کرنا:** کمپنیز ایکٹ 2017ء کے سیکشن 72(2) کے تحت تمام شیئر ہولڈرز سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ جلد از جلد اپنے شیئرز کو فزیکل فارم سے بک انٹری فارم میں تبدیل کریں۔ بک انٹری فارم میں شیئرز کو رکھنے کے بہت سے فوائد ہیں جن میں سی ڈی سی کے ساتھ شیئرز کی محفوظ تحویل، ڈپلیکیٹ شیئرز کے اجراء کیلئے درکار رسمی شرائط سے نجات وغیرہ۔ فزیکل شیئرز کو بک انٹری فارم میں تبدیل کرنے کیلئے شیئر ہولڈرز اپنے بروکرز، سی ڈی سی پارٹیسپنٹس یا سی ڈی سی انویسٹرز اکاؤنٹ سروس سے رابطہ کر سکتے ہیں۔

12۔ **ٹیکس معاملات:** انکم ٹیکس آرڈیننس 2001ء کے سیکشن 150 اور فنانس ایکٹ 2022ء کی دفعات (یکم جولائی 2023ء سے مؤثر) کے مطابق ڈیویڈنڈ آمدن پر 'فائلر' ممبران کیلئے شرح ود ہولڈنگ ٹیکس 15% جبکہ 'نان فائلر' کیلئے 30% ہے۔ شیئر ہولڈرز کے فائلر ہونے کا تعین فیڈرل بورڈ آف ریونیو (FBR) کی ویب سائٹ http://www.fbr.gov.pk/ پر جاری کردہ آخری ایکٹیو ٹیکس پیئرز لسٹ (ATL) کی بنیاد پر کیا جائے گا۔

کسی فولیو/ سی ڈی ایس اکاؤنٹ کی مشترکہ ملکیت کی صورت میں ہر مشترکہ ہولڈر کو بطور فائلر یا نان فائلر علیحدہ تصور کیا جائیگا اور ٹیکس کی کٹوتی ڈیویڈنڈ کی مجموعی رقم پر کی جائے گی جو کہ ممبران میں شیئر ہولڈنگ کے تناسب کو مساوی تقسیم کر کے کی جائیگی سوائے اس کے کہ شیئر ہولڈنگ کے تناسب کی تفصیل پہلے ہی بینک کے شیئر رجسٹرار کے ریکارڈ میں موجود ہو اس صورت میں ٹیکس کی شرح اس تناسب سے لاگو کی جائے گی۔ لہٰذا ایسے مشترکہ ہولڈرز سے درخواست کی جاتی ہے کہ اپنی ہولڈنگ کا تناسب ہمارے شیئر رجسٹرار کو مندرجہ بالا پتے پر 18 مارچ 2024ء بروز پیر تک فراہم کر دیں۔

اس سلسلے میں وہ ممبران جن کے نام فائلر ہونے کے باوجود ATL میں موجود نہیں، ان سے گزارش کی جاتی ہے کہ اس امر کو یقینی بنائیں کہ (i) ان کے نام مدت اختتام (مذکورہ بالا) سے قبل ATL میں موجود ہوں بصورت دیگر ٹیکس کی کٹوتی کیلئے انہیں نان فائلر سمجھا جائے گا اور (ii) اپنے نیشنل ٹیکس نمبر کی ایک کاپی اپنے متعلقہ پارٹیسپنٹ/ سی ڈی سی انویسٹرز اکاؤنٹ سروسز یا ہمارے شیئر رجسٹرار (صرف فزیکل شیئر ہولڈنگ کی صورت میں) کو مذکورہ بالا پتے پر جمع کرائیں۔

کارپوریٹ شیئر ہولڈرز جو ٹیکس سے استثناء کے دعویدار ہیں ان سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ متعلقہ اتھارٹیز کی جانب سے ان کے ادارے کو جاری کیا گیا مؤثر انکم ٹیکس ایگزیمپشن سرٹیفکیٹ فراہم کریں جو کہ FBR کے لیٹر C. No. 1(43) DG (WHT)/2008-Vol.11-66417-R بتاریخ 12 مئی 2015ء کے مطابق ٹیکس سے استثناء کے دعوے کیلئے ضروری ہے۔ اگر آپ خصوصی ٹیکس ریٹ کے تابع ہیں تو برائے مہربانی متعلقہ اتھارٹیز کی جانب سے جاری کئے گئے سرٹیفکیٹ کی نقول ہمارے شیئر رجسٹرار کو درج بالا پتے پر فراہم کریں۔

13۔ **سالانہ اجلاس عام میں درکار قانونی ضابطہ اخلاق:** کمپنیز ایکٹ 2017ء کے سیکشن 215 اور کمپنیز (جنرل پروویژنز اینڈ فارمز) ریگولیشنز 2018ء شیئر ہولڈرز کیلئے ضابطہ اخلاق بیان کرتے ہیں، جو درج ذیل ہے:

شیئر ہولڈرز کو اجازت نہیں ہے کہ وہ ایسے فیصلوں کیلئے جو مینجمنٹ کے کام پر اثرانداز ہو سکتے ہوں، مینجمنٹ پر دباؤ ڈالیں یا براہ راست رسائی حاصل کریں۔ قانون کے تحت شیئر ہولڈرز اپنے ساتھ ایسا مواد نہیں لائیں گے جو شرکاء یا اس جگہ جہاں سالانہ اجلاس عام منعقد کیا جا رہا ہے، کیلئے خطرے کا باعث ہو، خود کو سالانہ اجلاس عام کے نوٹس میں احاطہ کئے گئے ایجنڈا کے نکات تک ہی محدود رکھیں گے اور اس انداز سے کردار ادا نہیں کریں گے جس سے ان کی سیاسی وابستگی ظاہر ہو۔ مزید یہ کہ کمپنیز ایکٹ 2017ء کے سیکشن 185 کے مطابق کمپنی کو اجازت نہیں ہے کہ وہ کسی بھی صورت میں شیئر ہولڈرز میں تحائف تقسیم کرے۔

## اسٹینڈرڈ چارٹرڈ بینک (پاکستان) لمیٹڈ ("SCBPL")

### بذریعہ ڈاک ووٹنگ کیلئے بیلٹ پیپر

برائے سالانہ اجلاس عام میں رائے شماری مورخہ 28 مارچ 2024ء بروز جمعرات، دوپہر 3:00 بجے انسٹیٹیوٹ آف چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس آف پاکستان، چارٹرڈ اکاؤنٹنٹ ایوینیو کلفٹن، کراچی

درست طریقے سے پُر شدہ بیلٹ پیپر چیئرمین کے وقف شدہ ای میل ایڈریس cosec.pk@sc.com پر بھیجا جا سکتا ہے۔

| | |
|---|---|
| فولیو/ سی ڈی سی اکاؤنٹ نمبر | |
| شیئر ہولڈر/ جوائنٹ شیئر ہولڈر/ پراکسی ہولڈر کا نام | |
| رجسٹرڈ ایڈریس | |
| ملکیتی حصص کی تعداد | |
| NICOP/CNIC/ پاسپورٹ نمبر (کاپی منسلک کی جائے گی) | |
| **اضافی معلومات اور منسلکہ دستاویزات** (کارپوریٹ باڈی، کارپوریشن اور وفاقی حکومت کی صورت میں) | |
| مجاز دستخط کنندہ کا نام | |
| مجاز دستخط کنندہ کا NICOP/CNIC/ پاسپورٹ نمبر (کاپی منسلک کی جائے گی) | |

میں/ ہم بذریعہ ہذا مندرجہ ذیل عمومی قرارداد (قراردادوں) کے سلسلے میں پوسٹل بیلٹ کے ذریعے اپنا ووٹ استعمال کرتا ہوں/ کرتے ہیں اور ذیل میں مناسب باکس میں ٹک (✓) کا نشان لگا کر قرارداد پر میری/ ہماری رضامندی یا اختلاف ظاہر کرتا ہوں/ کرتے ہیں:

**عمومی قرارداد (قراردادیں)**

**ایجنڈا آئٹم نمبر 4**

**سکیوریٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کی طرف سے اپنے S.R.O. 389(I)/2023 بتاریخ 21 مارچ 2023ء کے ذریعے QR کوڈ اور ویب لنک کے ذریعے بینک کے ممبران کو سالانہ آڈٹ شدہ اکاؤنٹس اور متعلقہ رپورٹس/ دستاویزات (سالانہ رپورٹ کے حصے کے طور پر) کی ترسیل پر غور کرنا اور منظوری دینا۔**

''**قرار پایا کہ** بینک اپنے ممبران کو سالانہ آڈٹ شدہ مالیاتی گوشواروں اور متعلقہ دستاویزات/ رپورٹس (سالانہ رپورٹ کے حصے کے طور پر) ایس ای سی پی کے نوٹیفکیشن S.R.O. 389(I)/2023 بتاریخ 21 مارچ 2023ء کے تحت ضروریات کی تکمیل سے مشروط بذریعہ QR کوڈ اور ویب لنک کے ذریعے بھیجے گا۔''

''**مزید قرار پایا کہ** اجلاس عام کا نوٹس بینک کے ممبران کو یا تو الیکٹرانک طور پر رجسٹرڈ ای میل ایڈریس یا ممبران کے رجسٹرڈ ایڈریس پر ڈاک کے ذریعے بھیجا جا رہا ہے گا، جس میں سالانہ آڈٹ شدہ مالیاتی گوشوارے اور متعلقہ دستاویزات/ رپورٹس (سالانہ رپورٹ کے حصے کے طور پر) دیکھنے اور ڈاؤن لوڈ کرنے کیلئے QR کوڈ اور ویب لنک موجود ہیں۔''

''**مزید قرار پایا کہ** سالانہ آڈٹ شدہ مالیاتی گوشواروں اور متعلقہ دستاویزات/ رپورٹس (سالانہ رپورٹ کے حصے کے طور پر) بھی بینک کی طرف سے اپنے ممبران کو ان کے رجسٹرڈ ای میل کے ذریعے بھیجے جائیں، اگر فراہم کیا گیا ہو، جبکہ سالانہ آڈٹ شدہ مالیاتی گوشواروں اور متعلقہ دستاویزات/ رپورٹس (سالانہ رپورٹ کے حصے کے طور پر) کی ہارڈ کاپی اس مقصد کیلئے بینک کی ویب سائٹ پر دستیاب، درخواست فارم پر ممبران کی دستخط شدہ درخواست کی وصولی کی صورت میں ایک ہفتے کے اندر مفت فراہم کی جائیں گی۔''

**ایجنڈا آئٹم نمبر 5:**

**بینک کے ڈائریکٹرز کے معاوضے کی نظرثانی شدہ پالیسی پر غور کرنا اور اسے پوسٹ فیکٹو بنیادوں پر منظور کرنا جسے بینک کے بورڈ آف ڈائریکٹرز نے منظور کیا ہے۔**

''**قرار پایا کہ** ڈائریکٹرز کے معاوضے کی نظرثانی شدہ پالیسی جو کہ بینک کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کی جانب سے منظور شدہ اور تجویز کردہ ہے اور اس کی تصدیق اور منظوری بذریعہ ہذا اور بعد از اں کی بنیاد پر کی جاتی ہے۔''

**پول کیلئے ہدایات**

1۔ برائے مہربانی متعلقہ باکس پر (✓) کا نشان لگا کر اپنے ووٹ کی نشاندہی کریں۔

2۔ اگر دونوں خانوں پر (✓) کا نشان لگایا گیا تو آپ کے پول کو ''مسترد'' سمجھا جائے گا۔

میں/ ہم بذریعہ ہذا مندرجہ بالا قرارداد کے سلسلے میں بیلٹ کے ذریعے اپنا ووٹ استعمال کرتا ہوں/ کرتے ہیں اور ذیل میں مناسب باکس میں ٹک (✓) کا نشان لگا کر قرارداد پر میری/ ہماری رضامندی یا اختلاف ظاہر کرتا ہوں/ کرتے ہیں؛

| قراردادیں | قرارداد کے حق میں | قرارداد کی مخالفت میں |
|---|---|---|
| **ایجنڈا آئٹم نمبر 4:** | | |
| **ایجنڈا آئٹم نمبر 5:** | | |

**نوٹس:**

1۔ باضابطہ پُر شدہ اور دستخط شدہ بیلٹ پیپر NICOP/CNIC/ پاسپورٹ** کی نقل کے ساتھ اجلاس کے چیئرمین کو بذریعہ ڈاک بینک کے رجسٹرڈ پتے، **کمپنی سیکریٹری آفس، پہلی منزل، اسٹینڈرڈ چارٹرڈ بینک (پاکستان) لمیٹڈ، پی او باکس نمبر 5556، آئی آئی چندریگر روڈ، کراچی** پر بھیجا جائے گا یا **cosec.pk@sc.com** پر ای میل کیا جائے گا۔

2۔ پوسٹل بیلٹ فارم 27 مارچ 2024ء، بروز بدھ تک یا اس سے پہلے کاروباری اوقات میں چیئرمین تک پہنچ جانا چاہیے۔ اس تاریخ کے بعد موصول ہونے والے کسی بھی بیلٹ پیپر کو ووٹنگ کا حصہ نہیں سمجھا جائے گا۔

3۔ بیلیٹ پیپر پر دستخط CNIC/ پاسپورٹ** پر دستخط سے مماثل ہونا چاہیے۔

4۔ باڈی کارپوریٹ، کارپوریشن یا وفاقی حکومت کی صورت میں بورڈ کی قرارداد/ پاور آف اٹارنی اور مجاز دستخط کنندہ (کنندگان) کے مؤثر NICOP/CNIC/ پاسپورٹ کی تصدیق شدہ نقول درکار ہوں گی**۔

5۔ نامکمل، غیر دستخط شدہ، غلط، مسخ شدہ، پھٹا ہوا، ترمیم شدہ، اضافی تحریر والا بیلٹ پیپر مسترد کر دیا جائے گا۔

6۔ شیئر ہولڈرز **پوسٹل بیلٹ پیپر فارم** کمپنی کی ویب سائٹ (https://www.sc.com/pk/about-us/notices/) سے ڈاؤن لوڈ کر سکتے ہیں یا اخبارات/ سالانہ رپورٹ میں شائع ہونے والی اصل/ فوٹو کاپی استعمال کر سکتے ہیں۔

**شیئر ہولڈر/ پراکسی ہولڈر کے دستخط/ مجاز دستخط کنندہ** ____________________

(کارپوریٹ ادارے کی صورت میں، برائے مہربانی کمپنی کی مہر چسپاں کریں)

تاریخ ____________________

standard
chartered

# NOTICE OF ANNUAL GENERAL MEETING

Notice is hereby given that the 18th Annual General Meeting ('AGM') of the shareholders of Standard Chartered Bank (Pakistan) Limited ("Bank") will be held on Thursday, 28 March 2024 at 03:00 p.m. at the ICAP, Chartered Accountants Avenue, Clifton, Karachi and through video conferencing to transact the following business:

**A. ORDINARY BUSINESS**

1. To receive, consider and adopt the Audited Accounts of the Bank for the year ended 31 December 2023, along with the Directors' and Auditors' Reports thereon.
2. To consider the appointment of external auditors namely M/s EY Ford Rhodes, Chartered Accountants (who being eligible, have offered themselves for reappointment), as Statutory Auditors of the Bank for the year 2024. The Board also seeks authority for the Board Audit Committee to negotiate and agree upon Auditors' remuneration subject to concurrence of the Board in the subsequent meeting.
3. To consider and approve final cash dividend @ 25% (i.e. Rs. 2.5 per share of Rs. 10/- each) for the year ended 31 December 2023 as recommended by the Board of Directors. This is in addition to cumulative interim cash dividend of 65% already paid for the year 2023. This will be payable to the members whose names appear in the register of the members as on Monday, 18 March 2024.

**B. SPECIAL BUSINESS**

4. To consider and approve transmission of the Annual Audited Accounts and related reports/documents (as part of the Annual Report) to the members of the Bank via QR Code and Weblink as permitted by the Securities and Exchange Commission of Pakistan vide its S.R.O. 389(I)/2023 dated 21 March 2023.
5. To consider and approve the revised Directors' Remuneration Policy, as approved by the Board of Directors of the Bank, on post facto basis.

**C. OTHER BUSINESS**

6. To transact any other business as may be placed before the meeting with the permission of the Chair.

**Note:** Statements of Material Facts under section 134(3) of the Companies Act, 2017 relating to the Special Business referred in the notice above have been dispatched to sharehoders along with AGM notice as part of Annual Report 2023.

By Order of the Board

**Asif Iqbal Alam**
Company Secretary

Karachi: 7 March 2024

**Notes:**

1. The Share Transfer Books of the Bank will remain closed from Tuesday, 19 March 2024 to Thursday, 28 March 2024 (both days inclusive). Transfer received at the Share Registrar by the close of business on Monday, 18 March 2024 will be treated in time.
2. Only those persons whose names appear in the Register of the Members of the Bank as on Monday, 18 March 2024 will be entitled to attend/participate in/vote at the AGM and be entitled to receive above stated cash dividend.
3. A member entitled to attend and vote at the above meeting is entitled to appoint another member as his/her proxy to attend and vote instead of him/her. Proxies, in order to be valid, must be received by the Bank at its registered office marked for the attention of the office of the Company Secretary, not less than 48 hours before the time for holding the meeting and must be duly stamped, signed and witnessed. A member shall not be entitled to appoint more than one proxy.
4. A. **For Attending the Meeting:**
   i) In case of individuals, the account holder or sub-account holder and/or the person whose securities are in group account and their registration details are uploaded as per the Regulations, shall authenticate his/her identity through his/her original Computerised National Identity Card (CNIC) or original passport at the time of attending the Meeting.
   ii) In case of corporate entity, the Board of Directors' resolution/power of attorney with the specimen signature of the nominee shall be produced at the time of the Meeting.

   B. **For Appointing Proxies:**
   i) In case of individuals, the account holder or sub-account holder and/or the person whose securities are in group account and their registration details are uploaded as per the Regulations, shall submit the proxy form as per the above requirement.
   ii) The proxy form shall be witnessed by two persons whose names, addresses and CNIC numbers shall be mentioned on the form.
   iii) Attested copies of CNIC or the passport of the beneficial owners and the proxy shall be furnished with the proxy form.
   iv) The proxy shall produce his/her original CNIC or original passport at the time of the Meeting.
   v) In case of corporate entity, the Board of Directors' resolution/power of attorney with the specimen signature shall be submitted along with the proxy form to the Bank.
5. **Participation in AGM through online platform/ facility**
   Arrangements have also been made by the Bank to facilitate the participation of the shareholders in the AGM through online platform/facility, either in-person or through appointed proxies. For attending the meeting virtually, shareholders are requested to get themselves registered with the Company Secretary Office, at least 24 hours before the time of AGM (i.e. before 03:00 p.m. on 27 March 2024) by providing following details at cosec.pk@sc.com.

| Folio/CDC Account No. | Name of Shareholders | CNIC No. | Cell No. | Email Address |
|---|---|---|---|---|
| | | | | |

   Upon receipt of the above information from interested shareholders, the Bank will send the login details at their email addresses. On the AGM Day, shareholders will be able to login and participate in the AGM proceedings through their smartphones or computer devices. Login facility will be opened 15 minutes before the meeting time to enable the participants to join the meeting, after identification and verification process.
6. **Polling On Special Business**
   Pursuant to the Companies (Postal Ballot) Regulations 2018, for the purpose of approval of any special businesses at the general meeting, members will be allowed to exercise their vote through postal ballot or e-voting.
   **Procedure for E-Voting:**
   i) Details of the e-voting facility will be shared through an e-mail with those members of the Bank who have their valid CNIC numbers, cell numbers, and e-mail addresses available in the register of members of the Bank by the close of business on Monday, 18 March 2024.
   ii) The web address, login details, and password, will be communicated to members via email. The security codes will be communicated to the members through SMS from the web portal of CDC Share Registrar Services Limited (being the e-voting service provider).
   iii) Identity of the Members intending to cast vote through e-voting shall be authenticated through electronic signature or authentication for login.
   iv) Members shall cast vote online at any time from 24 March 2024 (9:00 am) to 27 March 2024 (5:00 pm). Once the vote on the resolution is cast by a Member, he/she shall not be allowed to change it subsequently.
   **Procedure for Voting through Postal Ballot:**
   i) The members shall ensure that duly filled and signed ballot paper, along with a copy of the CNIC/NICOP/Passport should reach the Chairman of the meeting through the post at the Bank's registered address, Company Secretary Office, First Floor, Standard Chartered Bank (Pakistan) Limited, P.O. Box No. 5556, I. I. Chundrigar Road, Karachi, or email at cosec.pk@sc.com latest by 27 March 2024, during working hours. The signature on the Ballot Paper shall match with signature on the CNIC/NICOP/Passport. The Postal Ballot Paper is published in newspapers/annual report and available at the Bank's website (https://www.sc.com/pk/about-us/notices/).
7. Members are requested to notify change in their address, if any, to the Bank's Share Registrars, M/s. CDC Share Registrar Services Limited, CDC House, 99-B, Block B, SMCHS, Main Shahrah-e-Faisal, Karachi – 74400, Toll Free: 0800-CDCPL (23275), Fax: (021) 34326053, Email: info@cdcsrsl.com.
8. Members may inspect the minutes of the AGM held on Wednesday, 29 March 2023, in terms of Section 52 of the Companies Act, 2017, at the Bank's registered address.
9. In terms of Section 223 (7) of the Companies Act 2017, the Annual Report for the year ended 2023 has also been placed on the Bank's website simultaneously with the dispatch of the same to the members.
10. **E-Dividend Requirements:** In accordance with the Companies (Distribution of Dividend) Regulation 2017, shareholders are advised to provide their Identification Number/Computerised National Identity Card (CNIC) Number and International Bank Account Number (IBAN) details, if they have not already done so, to our Share Registrar (if shares are held in physical form) at their above referred office address or to the respective Participants/Broker (if shares are held through CDS Account) latest by Monday, 18 March 2024. Failing which may result in withholding of dividend payments of respective shareholders.
11. **Conversion of Physical Shares into Book-Entry Form**: In reference to Section 72(2) of the Companies Act, 2017, all shareholders holding physical shares are requested to get converted their shares into book entry form at the earliest. This would facilitate shareholders in many ways including safe custody of shares, avoidance of formalities required for issuance of duplicate shares, etc. For the conversion of physical shares into book entry form, the shareholders may contact their Brokers, CDC Participants or CDC Investor Account Service.
12. **Tax Requirements:** The dividend income on shares is liable to deduction of withholding tax under Section 150 of the Income Tax Ordinance, 2001 and pursuant to the provisions of Finance Act, 2022, effective from 1 July 2023; the 'Filer' and 'Non-Filer' shareholders will pay tax on dividend income @ 15% and 30% respectively. The Filer status of shareholders will only be determined on the basis of the latest available Active Taxpayers List (ATL) uploaded by the Federal Board of Revenue (FBR) on their website http://www.fbr.gov.pk/.

    In case a Folio/CDS Account is jointly held, each joint-holder will be treated separately as Filer or Non-Filer and tax will be deducted on the gross dividend amount determined by bifurcating the shareholding of each joint-holder on equal proportions, except where shareholding proportion of joint-holders is pre-defined as per the records of Bank's Share Registrar and thus tax rates will be applied in line with respective proportions. Those shareholders, who are holding shares jointly, are requested to update/notify the shareholding proportions of principal and joint-holder(s) in writing to our Share Registrar latest by Monday, 18 March 2024 at their above referred office address.

    In this regard, all shareholders, whose names are not entered into the ATL despite the fact that they are filers, are advised to make sure that: (i) Their names appear into the ATL before the start of closed period (referred above), otherwise they will be treated as non-filers for tax deduction purpose, and (ii) A copy of their National Tax Number is submitted to their relevant Participant/CDC Investor Account Services or to our Share Registrar (in case of physical shareholding only) at their above referred office address.

    Corporate shareholders are requested to provide a copy of valid Income Tax Exemption Certificate issued by the concerned authority to your institution, which is compulsorily required to claim tax exemption in terms of clarification issued by FBR vide their letter C.No.1 (43) DG (WHT)/ 2008-Vol.11-66417-R, dated 12 May 2015. In case you are subject to any special tax rate, please also provide a copy of relevant certificate issued by the concerned authority. Copies of certificates should reach our Share Registrar at their above-mentioned office address.
13. **Statutory Code of Conduct of AGM**: Section 215 of the Companies Act, 2017 and Regulation 28 of the Companies (General Provisions and Forms) Regulations, 2018, state the Code of Conduct of Shareholders, as follows:

    Shareholders are not permitted to exert influence or approach the management directly for decisions which may lead to creation of hurdles in the smooth functioning of management. The law states that Shareholders shall not bring material that may cause threat to the participants or premises where the AGM is being held, shall confine themselves to the agenda items covered in the notice of the AGM and shall not conduct themselves in a manner to disclose any political affiliation. Additionally, the Company is not permitted to distribute gifts in any form to its shareholders in its meetings as per Section 185 of Companies Act, 2017.

## Standard Chartered Bank (Pakistan) Limited ("SCBPL")

### Ballot Paper For Voting Through Post

For poll at the Annual General Meeting to be held on Thursday, 28 March 2024, at 3:00 p.m. at ICAP, Chartered Accountants Avenue, Clifton, Karachi.

Designated email address of the Chairman at which the duly filled in ballot paper may be sent: cosec.pk@sc.com

| | |
|---|---|
| Folio/CDC Account # | |
| Name of Shareholders/Joint Shareholders/Proxy Holder | |
| Registered Address | |
| Number of shares held | |
| CNIC/NICOP/Passport No.<br>(copy to be attached) | |
| **Additional Information and enclosures** (In case of Body Corporate, Corporation and Federal Government) | |
| Name of Authorised Signatory: | |
| CNIC/NICOP/Passport No.<br>(copy to be attached) | |

I/we hereby exercise my/our vote in respect of the following ordinary resolution(s) through postal ballot by giving my/our assent or dissent to the following ordinary resolution(s) by placing tick (✓) mark in the appropriate box below:

**Ordinary Resolution(s)**

**AGENDA ITEM 4:**
**To consider and approve transmission of the Annual Audited Accounts and related reports/documents (as part of the Annual Report) to the members of the Bank via QR Code and Weblink as permitted by the Securities and Exchange Commission of Pakistan vide its S.R.O. 389(I)/2023 dated 21 March 2023.**

**"RESOLVED THAT** the annual audited financial statements and related documents/ reports (as part of the Annual Report) shall be circulated by the Bank to its members through QR Code and Weblink subject to fulfilment of the requirements under SECP's Notification S.R.O. 389(I)/2023 dated 21 March 2023."
**"FURTHER RESOLVED THAT** notice of general meeting(s) continue to be dispatched to the members of the Bank, either electronically at the registered email addresses or by post at the registered addresses of the members, containing the QR Code and Weblink to view and download the annual audited financial statements and related documents/ reports (as part of the Annual Report)."
**"FURTHER RESOLVED THAT** the annual audited financial statements and related documents/ reports (as part of the Annual Report) shall also circulated by the Bank to its members through registered email of the members, where provided, whereas hard copy of annual audited financial statements and related documents/ reports (as part of the Annual Report) shall only be provided, free of cost, within one week of receipt of signed request of member(s) on the prescribed request form available on Bank's website for this purpose."

**AGENDA ITEM 5:**
**To consider and approve the revised Directors' Remuneration Policy, as approved by the Board of Directors of the Bank, on post facto basis.**
**"RESOLVED THAT** the revised Directors' Remuneration Policy as approved and recommended by the Board of Directors of the Bank be and is hereby confirmed and approved on post facto basis."

**Instructions For Poll**

1. Please indicate your vote by ticking (✓) the relevant box.
2. In case if both the boxes are marked as (✓), your poll shall be treated as **"Rejected"**.

I/we hereby exercise my/our votes in respect of the above ordinary resolutions through ballot by conveying my/our favour or against to the resolution by placing tick (✓) mark in the appropriate box below:

| Resolutions | In favour of the Resolution | Against the Resolution |
|---|---|---|
| Agenda Item 4 | | |
| Agenda Item 5 | | |

**Notes:**

1. Duly filled and signed ballot paper, along with a copy of the CNIC/NICOP/Passport**, should reach the Chairman of the meeting through the post at the Bank's registered address, **Company Secretary Office, First Floor, Standard Chartered Bank (Pakistan) Limited, P.O. Box No. 5556, I. I. Chundrigar Road, Karachi**, or email at **cosec.pk@sc.com**.
2. Postal Ballot Form should reach Chairman of the meeting on or before Wednesday, 27 March 2024 during working hours. Any Postal Ballot received after this date, will not be considered for voting.
3. Signature on postal ballot paper should match with the signature registered on CNIC/Passport**.
4. In case of Body Corporate, Corporation and Federal Government, certified copy of Board resolution/Power of attorney along with valid copies of CNIC/NICOP/Passport of authorised signatory(ies) will be required**.
5. Incomplete, unsigned, incorrect, defaced, torn, mutilated, over written Ballot Paper will be rejected.
6. The shareholders may download the **Postal Ballot Form** from the Bank's website (https://www.sc.com/pk/about-us/notices/) or use the original/photocopy as published in newspaper/annual report.

**Shareholder/Proxy Holder Signature/Authorised Signatory**
(in case of corporate entity, please affix company stamp)

**Date**

Font Size 6.5

**45 x 25.6875 cm**